نظامت اعلیٰ زرعی اطلاعات پنجاب

21۔ڈیوس روڈ لاہور

Ph.042-99200731, 99200729, E.mail:mediaresearch34@gmail.com

www.facebook.com/AgriDepartment

پریس ریلیز

محکمہ زراعت پنجاب نے رواں ماہ کے دوران ترشاوہ اورامرود کے باغات کی دیکھ بھال بارے سفارشات جاری کردیں

لاہور20دسمبر2025: ترجمان محکمہ زراعت پنجاب کے مطابق باغبان حضرات ترشاوہ پھلوں کی بیمار،سوکھی اور غیرضروری شاخوں کی کانٹ چھانٹ کریں۔کنو،مسمی وغیرہ کی برداشت جاری رکھیں اور برداشت شدہ پودوں کی شاخ تراشی تیز دھار آلات سے کرتے رہیں۔ باغبان محکمہ زراعت پنجاب کے مقامی زرعی ماہرین کے مشورہ سے ترشاوہ باغات میں متوازن کیمیائی کھادیں ڈالیں۔ باغبان ماہ دسمبر میں گوبر کی گلی سڑی کھاد ڈال دیں۔ترجمان محکمہ زراعت پنجاب نے مزید کہا کہ گدھیڑی کے انسداد کے لیے زمین پر گوڈی کریں اور مناسب زہر پاشی کریں۔ترجمان محکمہ زراعت پنجاب نے کہا کہ امرود کے چھوٹے پودوں کو کورے سے بچائیں۔کورے سے متاثرہ شاخوں کو اس وقت تک نہ کاٹیں جب تک کورے کا خطرہ مکمل طور پر ختم نہ ہو جائے۔باغات سے جڑی بوٹیوں کا خاتمہ کریں اور ایک آبپاشی کریں۔جڑی بوٹیوں کے موثر کنٹرول کیلئے باغبان محکمہ زراعت پنجاب کے مقامی زرعی ماہرین کے مشورہ پرعمل کریں۔

☆☆☆☆